My Options



# اسقاط حمل کی معلومات اور بات سننے کی سپورٹ

HSE کی مائی آپشنز ہیلپ لائن اسقاط حمل کی خدمات تک رسائی لینے کے طریقے کے بارے میں معلومات مہیا کرتی ہے۔

تمام جی پی یا ڈاکٹر اسقاط حمل کی خدمت مہیا نہیں کرتے۔ ہیلپ لائن ایسے جی پی یا ڈاکٹرز اور خاندانی منصوبہ بندی کے کلینکس سے رابطے کی تفصیلات فراہم کر سکتی ہے جو یہ خدمت مہیا کرتے ہیں۔

غیر منصوبہ بند حمل کا تجربہ کرنے والوں کے لئے بات سننے کی سپورٹ بھی دستیاب ہے۔

**1800 828 010** پر فری فون کریں

پیر تا جمعرات: صبح 9 تا رات 8 بجے
جمعہ: صبح 9 تا شام 7 بجے
ہفتہ: صبح 10 تا دوپہر 2 بجے

ہیلپ لائن پر دن کے 24 گھنٹے اور ہفتے کے 7 دن اسقاط حمل کے بعد کا طبی مشورہ دستیاب ہے۔

**myoptions.ie** پر ویب چیٹ بھی دستیاب ہے۔

## اسقاط حمل کی خدمات کی معلومات، بشمول اسقاط حمل کے دوران اور بعد میں طبی سپورٹ

اگر آپ نے اسقاط حمل کروانے کا فیصلہ کر لیا ہے تو آپ اسقاط حمل کی خدمات مہیا کرنے والے جی پی یا ڈاکٹرز اور خاندانی منصوبہ بندی کے کلینکس سے رابطے کی معلومات کے لئے HSE کی مائی آپشنز ہیلپ لائن سے رابطہ کر سکتی ہیں۔ تمام جی پی اسقاط حمل کی خدمات مہیا نہیں کرتے۔

اگر آپ نے اسقاط حمل کروایا ہے تو ہیلپ لائن پر دن کے 24 گھنٹے اور ہفتے کے 7 دن نرسوں کی جانب سے طبی مشورہ دستیاب ہے۔

## بات سننے کی سپورٹ اور کاؤنسلنگ

مائی آپشنز فون اور ویب چیٹ پر بات سننے کی سپورٹ مہیا کرتا ہے۔ آپ ماہر و تجربہ کار کاؤنسلرز سے بلا معاوضہ بات کر سکتی ہیں۔ ہم آپ کے فیصلے پر اثر انداز ہونے کی کوشش نہیں کریں گے اور صرف آپ کو بات کرنے کے لئے وقت، سپورٹ اور معلومات پیش کریں گے۔

کاؤنسلنگ آپ کے لئے مفت دستیاب ہے۔ یہ سروس فون پر فراہم کی جاتی ہے۔ آپ اپنے حمل یا بعد از اسقاط حمل سپورٹ کے بارے میں کاؤنسلر سے بات کر سکتی ہیں۔ ساتھی اور فیملی کے ارکان کے لئے بھی کاؤنسلنگ دستیاب ہے۔

اگر انگریزی آپ کی مادری زبان نہیں ہے تو ہیلپ لائن پر کال کریں یا کسی بھروسہ مند شخص سے کال کروائیں۔ ہم 240 زبانوں میں مترجمین تک رسائی لے سکتے ہیں۔ ہمیں بتائیں کہ آپ کون سی زبان بولتی ہیں اور آپ کا فون نمبر کیا ہے۔ ہم مترجم کے ساتھ آپ کو واپس کال کریں گے۔

ذیل پر 17 زبانوں میں مائی آپشنز کے بارے میں معلومات موجود ہیں:
**hse.ie/myhealthmylanguage**

**1800 828 010 پر فری فون کریں**

**myoptions.ie** پر معلومات اور بات سننے کی سپورٹ کے لئے ویب چیٹ بھی دستیاب ہے